**08.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دہشت گردی کے تعلق سے بھارت کے سخت موقف کا اعادہ کیا ہے اور کہا ہے کہ اِس معاملے پر دوہرا معیار نہیں اپنایا جاسکتا اور نہ ہی کوئی سمجھوتہ کیا جاسکتا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کوالالمپور میں ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر بات چیت کی۔

☆ بھارت اور ملیشیا نے سکیورٹی، سیمی کنڈکٹر کے فروغ، صحت اور تعلیم سمیت کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا۔

☆ زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ عبوری تجارتی سمجھوتے میں کسانوں کے مفادات کا پورا خیال رکھا گیا ہے اور کلیدی زرعی اشیاء کو اِس کے دائرے سے باہر رکھا گیا ہے۔

☆ وزیرِ داخلہ امت شاہ نے چھتیس گڑھ میں بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ علاقوں میں سکیورٹی کی صورتحال اور ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کے بارے میں رائے پور میں میٹنگیں کی ہیں۔

☆ بنگلہ دیش کے سابق وزیر رمیش چندر سین کی دیناج پور جیل میں حراست کے دوران موت ہوگئی، جس سے وہاں امن و قانون کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر پھر سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔

☆ اور مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، چنئی میں گروپ مرحلے کے میچ میں افغانستان نے نیوزی لینڈ کے سامنے 183 رَن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Malaysia Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج کوالالمپور میں ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر بات چیت کی۔ اِس میں دفاعی اور سکیورٹی تعلقات کو مستحکم بنانے نیز اقتصادی اور اختراعی ساجھیداری کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ بات چیت کے بعد مختلف شعبوں میں اشتراک کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔ اِن میں سکیورٹی، سیمی کنڈکٹر کا فروغ، قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنا، بدعنوانی کی روک تھام اور آڈیو ویژول پروگرام، مشترکہ طور پر تیار کرنا شامل ہیں۔

بعد میں ایک مشترکہ پریس میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ دہشت گردی کے معاملے پر بھارت کا موقف بالکل واضح ہے کہ اِس معاملے پر کسی طرح کا دوہرا معیار نہیں اپنایا جاسکتا اور نہ ہی کوئی سمجھوتہ کیا جاسکتا ہے۔

**SB - 1400 - PM Terror Double Standard**

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں ملک دہشت گردی سے نمٹنے، خفیہ معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرنے، بحری سلامتی اور دفاع کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دیں گے۔

**SB - 1400 - PM Terror**

وزیرِ اعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت - بحرالکاہل خطہ ترقی کے ایک اہم وسیلے کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک، آسیان کے ساتھ مل کر پورے خطے میں ترقی اور امن و استحکام کے تئیں عہد بند ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں نے جلد سے جلد سامان سے متعلق سمجھوتے میں آسیان - بھارت تجارت کا مکمل جائزہ لینے سے اتفاق کیا ہے۔

وزیرِ اعظم نے ملیشیا میں تمل زبان سمیت دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط ثقافتی اور تعلیمی روابط کا بھی تذکرہ کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ آج جس آڈیو ویژول سمجھوتے پر دستخط کئے گئے ہیں، اُس سے فلم اور موسیقی کے تبادلوں، خاص طور پر تمل فلموں کو مزید فروغ دینے میں سہولت ہوگی۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی رابطوں کو مزید فروغ دینے کی خاطر CEOs اور کاروباری رہنماؤں کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔

جناب مودی نے انڈین نیشنل آرمی کے آزمودہ کار سپاہیوں اور ملیشیا کی ممتاز شخصیات سے بھی ملاقات کی۔

کچھ اور تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

**VC - Durgesh**

*مشرقی ملکوں کے امور سے متعلق وزیرِاعظم کے سکریٹری پی-کمارن نے اِس دورے کا خلاصہ کرتے ہوئے بتایا کہ سیمی کنڈکٹرس کو تعاون میں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔*

*انہوں نے کہا کہ ملیشیا-بھارت ڈیجیٹل کاؤنسل کی تشکیل کی گئی ہے، تاکہ سیمی کنڈکٹر ایکو نظام کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے، ای-حکمرانی، سائبر سکیورٹی، مصنوعی ذہانت-AI، فن ٹیک اور ادائیگی کے روابط سے متعلق شعبوں میں اشتراک کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزائن سازی میں بھارت کی صلاحیت اور مینوفیکچرنگ، اسمبلی، ٹیسٹنگ اور پیکیجنگ کے شعبوں میں ملیشیا کے طویل تجربے سے دونوں ملک مستفید ہوں گے۔*

*جناب کمار نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان، انسداد دہشت گردی سے متعلق تعاون میں، انسانوں کو غیر قانونی طریقے سے ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچانے نیز پُرتشدد انتہا پسندی سمیت مختلف ملکوں میں ہونے والے جرائم شامل ہیں اور اِن مسائل کو قومی سلامتی سے متعلق جاری مذاکرات کے ایک طریقۂ کار کے ذریعے حل کیا جارہا ہے۔*

کوالالمپور سے وُرگیش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں عبدالمالک

**Chauhan Indo US Trade**

مرکزی وزیرِ زراعت شیو راج سنگھ چوہان نے بھارت-امریکہ تجارتی سمجھوتے پر کانگریس کی نکتہ چینی کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا ہے کہ مذکورہ سمجھوتے میں زراعت اور کسانوں کے مفادات کا پورا خیال رکھا گیا ہے اور کلیدی زرعی اشیاء کو اِس کے دائرے سے باہر رکھا گیا ہے۔

بھوپال میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب چوہان نے کہا کہ معاہدے میں ایسی کسی بھی اشیاء کو شامل نہیں کیا گیا ہے، جو بھارتی کسانوں کیلیے نقصان دہ ہوں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ملک اور کسانوں کے مفادات کو مقدم رکھا گیا ہے۔

جناب شیوراج سنگھ چوہان نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ برسوں تک راج کرنے کے باوجود کسانوں کو عالمی منڈیوں کے ساتھ جوڑنے یا اقتصادی استحکام کو یقینی بنانے میں ناکام رہی۔

وزیرِ موصوف نے کہا کہ بھارت Genetic اعتبار سے ردّوبدل والی اشیاء کی اجازت نہیں دے گا اور کئی طرح کے زرعی سامان اور اشیاء پر محصول میں کوئی رعایت نہیں دی گئی ہے۔ اِن میں گوشت، ڈیری، اناج، تلہن، پھل، سبزیاں، مسالے اور ڈبہ بند غذائی اشیاء شامل ہیں۔

**SB - Shivraj Singh**

جناب چوہان نے مزید کہا کہ سمجھوتے میں کسانوں کی روزی روٹی کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے اور بھارتی زراعت کو محفوظ رکھا گیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ مودی سرکار کے تحت بھارت، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ x

**C'Garh Amit Shah**

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ چھتیس گڑھ میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں سکیورٹی کی صورتحال اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلیے رائے پور میں اعلیٰ سطح کی میٹنگیں کررہے ہیں۔

اِن میٹنگوں میں مرکزی اور ریاستی سرکاروں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ساتھ سکیورٹی ایجنسیوں کے نمائندے بھی شرکت کررہے ہیں۔

شام کو جناب امت شاہ رائے پور میں ''چھتیس گڑھ کے 25 سال اور تبدیلی کا دور'' کے عنوان سے قومی کانکلیو میں شرکت کریں گے۔ کل وزیرِ داخلہ جگدل پور میں بستر Pandum فیسٹیول کی اختتامی تقریب میں شامل ہوں گے۔ جناب امت شاہ چھتیس گڑھ کے تین دن کے دورے پر کل شام رائے پور پہنچے ہیں۔x

**Bangladesh - Ex-Minister**

بنگلہ دیش میں، آبی وسائل کے سابق وزیر اور عوامی لیگ کے سرکردہ لیڈر رمیش چندر سین کی دیناج پور ڈسٹرکٹ جیل

میں حراست کے دوران موت ہوگئی، وہ 85 سال کے تھے۔ اِس کے ساتھ ہی وہاں امن و قانون کی بگڑتی صورتحال اور زیر حراست بزرگ افراد کے ساتھ سلوک کے بارے میں مزید سوالات پیدا ہوگئے ہیں۔ جیل حکام نے کہا ہے کہ عوامی لیگ کے لیڈر کی صحت جیل کے اندر خراب ہوگئی تھی۔ انہیں فوراً دیناج پور میڈیکل کالج اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ حکام نے، البتہ حراست کے دوران اُن کی حالت اچانک خراب ہوجانے کی کسی وجہ کی وضاحت نہیں کی ہے۔ ٹھاکرگنج صدر سے پانچ مرتبہ رکن پارلیمنٹ منتخب ہونے والے رمیش چندرسین کو اگست 2024 میں اُن کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا تھا۔x

**Mumbai Illegal Immigration**

مہاراشٹر میں غیرقانونی تارکینِ وطن کے خلاف بڑی کارروائی میں ممبئی پولیس نے جعلی شناختی دستاویزات کا استعمال کرتے ہوئے، شہر میں غیرقانونی طریقے سے رہنے کی بناء پر چار بنگلہ دیشی شہریوں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس حکام نے بتایا ہے کہ ملاڈ ایسٹ کے پٹھان واڑی علاقے میں مختلف مقامات پر ایک ساتھ کی گئی کارروائی میں اِن غیرملکی افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

پولیس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ اِن بنگلہ دیشی افراد کو اُن کے وطن واپس بھیجنے کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔x

**President Tributes**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سابق صدرِ جمہوریہ ڈاکٹر ذاکرحسین کے یومِ پیدائش پر راشٹرپتی بھون میں انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر ذاکرحسین 8 فروری 1897 کو حیدرآباد میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ 13 مئی 1967 کو ملک کے تیسرے صدرِ جمہوریہ بنے اور تین مئی 1969 کو انتقال ہونے تک اِس عہدے پر فائز رہے۔ x

**CBDT Income Tax**

براہِ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ نے انکم ٹیکس ایکٹ 2025 سے متعلق مجوزہ انکم ٹیکس ضابطوں اور فارمس کے تعلق سے متعلقہ فریقوں اور اداروں سے تجویزیں طلب کی ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے پچھلے سال اگست میں انکم ٹیکس ایکٹ کو منظوری دے دی تھی اور یہ اِس سال پہلی اپریل سے نافذ ہوگا۔

وزارتِ خزانہ نے بتایا ہے کہ حتمی نوٹفکیشن سے قبل مجوزہ انکم ٹیکس ضابطوں اور فارمس کو متعلقہ ویب سائٹ incometaxindia.gov.in پر اَپ لوڈ کردیئے گئے ہیں۔x

**INS Sudarshini Oman**

بھارتی بحریہ کے تربیتی بحری جہاز INS سُدرشنی نے Oman میں Salalah کے مقام پر اپنا پہلا دورہ مکمل کرلیا ہے۔ اِس سے بھارت اور Oman کے درمیان تاریخی بحری رابطوں اور دونوں ملکوں کی بحری افواج کے درمیان مضبوط دوستی

کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزارتِ دفاع نے بتایا ہے کہ یہ دورہ بحری جہاز کے 10 ماہ طویل سمندری سفر Lokayan 26 میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اِس کا مقصد دنیا کے سامنے بھارت کی شاندار بحری وراثت اور'' وَسو دھیو کٹمبکم'' کی اقدار کو پیش کرنا ہے۔ x

## Cricket

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ مرحلے کے میچ میں، افغانستان نے نیوزی لینڈ کے سامنے 183 رَن کا نشانہ رکھا ہے اور نیوزی لینڈ نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 13 اوورس میں 4 وکٹ پر 126 رَن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل افغانستان نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 182 رَن بنائے۔ افغانستان کی طرف سے گلبدین نائب نے 63 رَن اسکور کئے۔

آج دو اور میچ کھیلے جائیں گے۔ سہ پہر تین بجے ممبئی میں انگلینڈ کا مقابلہ نیپال سے ہوگا، جبکہ شام سات بجے کولمبو میں سری لنکا اور آئر لینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

کل رات ممبئی میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے امریکہ کو 29 رَن سے ہرا دیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆